قولِ فیصل

حقیقت آشکار ہوتی ہے۔ حسینی کون یزیدی کون؟

یاد رہے۔۔۔۔

◀ حسینی جب بھی بات کرے گا کہے گا، " محدثینِ کرام نے یوں لکھا" مفسرینِ کرام نے فرمایا"۔ اسلاف امت کا موقف یہ ہے" لیکن یزیدی جب بھی مسئلہ یزید پر بات کرے گا، کہے گا۔ "میں کہتا ہوں۔ یا اپنے کسی ہم مشرب ناصبی مصنف کا حوالہ دیتے ہوئے کہے گا۔ "فلاں صاحب یوں فرماتے ہیں"۔

◀ حسینی اپنی ذاتی تحقیق کو اکابرینِ امت کی قرآن و حدیث کے دلائل سے مزین تحقیق پر ترجیح دینے کی ہمت نہیں کرے گا۔ اس کے برعکس یزیدی ہمیشہ اپنی

ذاتی تحقیق کو اور تحقیق بھی وہ جو مضحکہ خیز مفروضات پر مبنی ہو، اکابرینِ امت کی تحقیق پر ترجیح دے گا۔

◀ حسینی کہے گا۔ "میرا علم نہایت محدود ہے"۔ اکابرینِ امت کے علم کی وسعتیں بحرِ بے کنار کو اپنے اندر لیے ہوئے ہیں"۔ اس کے برعکس یزیدی کہے گا "اکابرینِ امت کا علم وہ گتھیاں نہیں سلجھا سکا۔ جو میں نے سلجھادی ہیں"

◀ یزیدی کہے گا۔ "اسلاف نے اس مسئلہ کی طرف توجہ نہیں دی"۔ حسینی کہے گا۔ "اسلاف امت نے کوئی مسئلہ تشنہ نہیں چھوڑا"۔

◀ یزیدی کہے گا۔ "آج جو کتابیں ہمیں میسر ہیں۔ اسلافِ امت کی دسترس میں نہ تھیں" حسینی کہے گا۔ "یہ کتابیں میرے اسلاف نے خود لکھیں۔ یہ کیسے ممکن

ہے۔ جو کتابیں انھوں نے خود لکھیں۔ وہی ان کی دسترس میں نہ ہوں؟

◄ یزیدی اپنی تصنیف کی پیشانی پر لکھے گا حادثہ کربلا پر جدید تحقیق، کوئی لکھے گا نئے مطالعہ کی روشنی میں، اور مواد پیش کرے گا عصرِ حاضر کے عیسائی اور یہودی مستشرقین کا۔ جبکہ حسینی عالم لکھے گا۔ مسئلہ یزید اکابرینِ امت کی تحقیق کی روشنی میں اور مواد پیش کرے گا عالمِ اسلام کے مسلمہ ائمہ حدیث و ائمہ تاریخ کا۔

◄ یاد رہے دینِ اسلام پر اعتراض ہو تو جواب مسلمان دیتا ہے۔ یہودیت پر اعتراض ہو تو جواب یہودی دیتا ہے۔ عیسائیت پر اعتراض ہو تو جواب عیسائی

دیتا ہے۔ امام حسین پر اعتراض ہو جواب حسینی دیتا ہے۔یزید پر اعتراض ہو تو جواب یزیدی ہی دیتا ہے۔

اگر یہ یزیدی نہیں تو پھر یزید کے دفاع میں بڑی بڑی ضخیم کتب لکھنے کا مقصد؟ بڑے بڑے اجتماعات کا انعقاد کر کے سٹیج پر یزید کے دفاع میں لمبی لمبی تقاریر کرنے کا مطلب؟

قارئین کرام : اب آپ پر یزیدیوں کو پہچاننا مشکل نہیں رہا۔ جو یزید کے دفاع میں اپنی تمام تر توانائیاں صرف کرتا نظر آئے، سمجھ لینا یزیدی ہے اور جو سیدنا امامِ حسین علیہ السلام کے فضائل و مناقب پر اور اُن کے دفاع میں زبان و قلم سے جہاد کرتا نظر آئے ، سمجھ لینا یہ حسینی ہے۔